HBL ٹیکن 8 ویمنز گیمنگ ٹورنامنٹ : فاتح کے سر پر تاج سج گیا

عنبرین ریاض– پہلا انعام ڈھائی لاکھ روپے (بائیں سے دوسری)، لائبہ عدنان– دوسرا انعام ڈیڑھ لاکھ روپے (بائیں سے تیسری)، حنا ملک– تیسرا انعام ایک لاکھ روپے (بائیں سے پہلی)، Konnect by HBL کے منعقدہ ٹیکن 8 ویمنز گیمنگ ٹورنامنٹ کے موقع پر

پاکستان، لاہور– 21 اپریل 2024ء: پاکستان میں پہلے ٹیکن 8 ویمنز گیمنگ ٹورنامنٹ کا انعقاد ہوا۔ Konnect by HBL کی جانب سے منعقدہ اس ٹورنامنٹ نے مشہورِ زمانہ 'ٹیکن' گیم کھیلنے والی خواتین کو اپنی صلاحیتوں اورجوش و جذبے کے اظہار کا موقع فراہم کیا۔ ایکشن سے بھرپور ٹیکن 8 گیم کے اس مقابلے کا اہتمام لاہور میں کیا گیا جس میں 200 سے زائد گیمر خواتین نے شرکت کی۔

کئی گھنٹے طویل سخت مقابلے کے بعد، تین سرِ فہرست گیمرز نے گیم پر اپنے کنٹرول اور پھرتی سے شائقین کو حیرت زدہ کر دیا۔ یہ مقابلہ درج ذیل فاتحین کے نام رہا:
پہلی پوزیشن: عنبرین ریاض– جنھوں نے چیمپئن ٹرافی اور ڈھائی لاکھ روپے کا انعام جیتا۔
دوسری پوزیشن: لائبہ عدنان– جنھوں نے رنراپ رہتے ہوئے ڈیڑھ لاکھ روپے کا انعام حاصل کیا۔
تیسری پوزیشن: حنا ملک– جنھوں نے تیسری پوزیشن کا انعام ایک لاکھ روپے اپنے نام کیا۔

ٹورنامنٹ کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے HBL کے چیف مارکیٹنگ اینڈ کمیونی کیشنز آفیسر، علی حبیب نے کہا کہ ”HBL تمام گیمر خواتین کو ان کی صلاحیتوں اور اسپورٹس مین شپ پر مبارک باد دیتا ہے۔ یہ تاریخی ٹیکن 8 ویمنز گیمنگ ٹورنامنٹ پاکستان میں ای–اسپورٹس کے میدان میں ایک نئے باب کا آغاز ہے اور ای–اسپورٹس کے ساتھ Konnect by HBL کا تعلق مزید مضبوط ہوگا۔ لہٰذا پاکستان کی گیمرز کمیونٹی کو دعوت ہے کہ آؤ، اور کھیلو!“